# چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، مجھے انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کی 30 جون 2026 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

مالی سال 2025–26 کے دوران ملک میں معاشی استحکام کا عمل مزید آگے بڑھا۔ پاکستان کی معیشت میں عبوری طور پر 3.7 فی صد مجموعی قومی پیداوار کی نمو ریکارڈ کی گئی، جبکہ اوسط افراطِ زر کم ہو کر 7.1 فی صد رہا اور مالی سال کے اختتام پر پالیسی ریٹ 11.5 فی صد کی سطح پر تھا۔ شرحِ مبادلہ میں نسبتاً استحکام اور قرض لینے کی لاگت میں کمی سے کاروباری اعتماد کو تقویت ملی، تاہم توانائی کی استطاعت، بیرونی مالی ضروریات اور خطے میں جغرافیائی و سیاسی پیش رفت بدستور اہم خطرات رہے۔

مقامی فلیٹ اسٹیل کی طلب میں 25 فی صد اضافہ ہوا اور یہ بڑھ کر 12 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن تک پہنچ گئی، جس کی وجہ صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں میں بحالی تھی۔ اضافی طلب کا بڑا حصہ مقامی تیار کنندہ نے پورا کیا، تاہم درآمدات، جن میں غیر ظاہر شدہ حجم کا تخمینی مقدار بھی شامل ہے جو مجموعی مارکیٹ کا 52 فی صد رہیں۔ درآمدات سے پیدا ہونے والی مارکیٹ کی بے قاعدگیاں، فاٹا/پاٹا نظام کے ذریعے مصنوعات کی منتقلی اور اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی وصولی کے خلاف عدالتی حکم امتناع، رسمی اسٹیل صنعت کی ترقی میں بدستور رکاوٹ بنے رہے۔

اس کاروباری ماحول میں انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ نے آپریشنل کارکردگی میں نمایاں بحالی کا مظاہرہ کیا۔ مجموعی فروخت 4 لاکھ 35 ہزار میٹرک ٹن تک پہنچ گئی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 62 فی صد زیادہ ہے۔ کمپنی کا مقامی مارکیٹ شیئر 23 فی صد سے بڑھ کر 28 فی صد ہو گیا، جبکہ برآمدی فروخت دو گنا سے بھی زیادہ بڑھ کر 91 ہزار میٹرک ٹن تک پہنچ گئی، جس میں یورپ اور شمالی امریکا نمایاں رہے۔ پیداوار بڑھ کر 4 لاکھ 47 ہزار میٹرک ٹن ہو گئی، جس کے نتیجے میں پیداواری صلاحیت کے استعمال اور مستقل اخراجات کو جذب کرنے کی استعداد میں بہتری آئی۔

آپریشنز کے بڑھتے ہوئے حجم نے مالی کارکردگی کو بھی مضبوط کیا۔ خالص فروخت کی آمدنی 50 فی صد اضافے کے ساتھ 93.4 ارب روپے تک پہنچ گئی، جبکہ مجموعی منافع کا مارجن گزشتہ سال کے 8.9 فی صد سے بڑھ کر 11.5 فی صد ہو گیا۔ مجموعی بعد از ٹیکس منافع تقریباً 135 فی صد اضافے کے ساتھ 3.67 ارب روپے تک پہنچا، جبکہ فی حصص آمدنی 3.58 روپے سے بڑھ کر 8.44 روپے ہو گئی۔ بہتر نتائج کی بنیادی وجوہات میں زیادہ فروخت، برآمدات پر بہتر مارجن، نظم و ضبط کے ساتھ خریداری، توانائی کی بہتر کارکردگی اور لاگت کا موثر انتظام شامل رہیں۔

بورڈ کی جانب سے سرمایہ کے مؤثر استعمال اور سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو بہتر بنانے کی پالیسی کے تحت، کمپنی نے مطلوبہ کارپوریٹ اور ضابطہ جاتی منظوریوں سے مشروط طور پر اصولی فیصلہ کیا ہے کہ چنوئے انجینئرنگ اینڈ کنسٹرکشن پرائیویٹ لمیٹڈ میں اپنی مکمل حصص ملکیت کے بائی بیک کے ذریعے اس سرمایہ کاری سے اخراج کیا جائے۔
48 ملین روپے کی ابتدائی سرمایہ کاری کے مقابلے میں انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ اب تک 163 ملین روپے کے منافع منقسمہ وصول کر چکی ہے اور بائی بیک کے نتیجے میں مزید 350 ملین روپے حاصل ہونے کی توقع ہے۔ اس طرح مجموعی نقد واپسی 513 ملین روپے بنتی ہے، جو ابتدائی سرمایہ کاری کا تقریباً 10.6 گنا ہے۔

مالیاتی رپورٹنگ کے مقاصد کے لیے، مجوزہ قیمت کے مطابق سرمایہ کاری کی دفتری مالیت کو ایڈجسٹ کرتے ہوئے 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے مالی سال میں 61 ملین روپے کا قدر میں کمی کا نقصان تسلیم کیا گیا۔ یہ مجوزہ لین دین اس سرمایہ کاری سے پیدا ہونے والی قدر کو حقیقتاً حاصل کرنے کے ساتھ کمپنی کو اپنے بنیادی اسٹیل کاروبار پر اپنی تزویراتی توجہ برقرار رکھنے میں معاون ہوگا۔

ہم اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے دائرہ کار میں توسیع کا خیر مقدم کرتے ہیں، جس کا مقصد ملمع شدہ مصنوعات کی متبادل درجہ بندی کے ذریعے ڈیوٹی سے بچنے کے طریقوں کی روک تھام ہے۔ اسی طرح فاٹا/پاٹا میں درآمدات پر لاگو سیلز ٹیکس کی شرح کو مرحلہ وار معیاری شرح کے برابر لانے کا اقدام بھی مثبت ہے۔ ان اقدامات کے مکمل فوائد حاصل کرنے کے لیے مستقل عملدرآمد، مؤثر سراغ رسانی اور بروقت نفاذ ناگزیر ہوگا۔ مقامی سرمایہ کاری، روزگار اور صنعتی صلاحیت کے تسلسل کے لیے ایک شفاف اور مساوی کاروباری ماحول نہایت ضروری ہے۔

بورڈ نے حکمت عملی، خطرات کے انتظام، مالیاتی رپورٹنگ، داخلی کنٹرولز اور ضابطہ جاتی تعمیل پر فعال نگرانی برقرار رکھی۔ بورڈ کی مشاورت دیانت داری، شفافیت اور تعمیری انداز میں معاملات کے جائزے کے اصولوں پر قائم رہی۔ بورڈ انتظامیہ کی رہنمائی اور معاونت جاری رکھے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ترقی کے اہداف مالی نظم و ضبط، محتاط سرمایہ کاری اور کارپوریٹ گورننس کے اعلیٰ معیارات کے مطابق حاصل کیے جائیں۔

مالی سال 2026–27 کے لیے ہمارا نقطۂ نظر محتاط طور پر پُرامید ہے، تاہم مسلسل نگرانی ناگزیر رہے گی۔ صنعتی سرگرمیوں میں بہتری اور مالیاتی لاگت میں کمی سے فلیٹ اسٹیل کی طلب کو سہارا ملنے کی توقع ہے، جبکہ انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ کا وسیع آپریشنل حجم اور بڑھتی ہوئی مارکیٹ رسائی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

اس کے باوجود درآمدی دباؤ، توانائی اور خام مال کی لاگت، شرحِ مبادلہ میں اتار چڑھاؤ، تجارتی پابندیاں اور ضابطہ جاتی نفاذ سے متعلق چیلنجز اہم خطرات کے طور پر موجود رہیں گے۔ کمپنی کی ترجیحات میں مقامی مارکیٹ میں اپنی قائدانہ حیثیت کو مزید مضبوط کرنا، منتخب اور منافع بخش منڈیوں میں برآمدات بڑھانا، قدر افزا مصنوعات کا حصہ بڑھانا، گردشی سرمائے کی کارکردگی بہتر بنانا، اور توانائی کی بچت، عملیاتی عمدگی اور ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو مزید آگے بڑھانا شامل ہوگا۔

بورڈ کی جانب سے، میں اپنے حصص یافتگان، ملازمین، صارفین، سپلائرز، بینکاروں اور دیگر تمام متعلقہ فریقین کا ان کے اعتماد اور تعاون پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں انتظامیہ اور ملازمین کے عزم اور وابستگی کو بھی سراہتا ہوں، جن کے نظم و ضبط اور ثابت قدمی نے سال کے دوران کمپنی کی کارکردگی میں اہم کردار ادا کیا۔
ہم اللہ تعالیٰ سے آپ کی کمپنی کی مسلسل کامیابی اور خوشحالی کے لیے دعا گو ہیں۔



**کمال اے چنائے**
19 اگست 2026